ہندوستان-اسویتنی خارجہ دفاتر مشاورتی (ایف او سی)

19 فروری، 2024

ہندوستان اور استوینی کے درمیان دوسرا خارجہ دفاتر مشاورتی اجلاس کا اہتمام مورخہ 19 فروری، 2024 کو مبابنے میں کیا گیا تھا۔ جس میں ہندوستان کی کی قیادت شری پونیت آر کنڈل، ایڈیشنل سکریٹری (مشرق اور جنوبی افریقہ)، و ہندوستان کے وزارت خارجہ نے کی اور ایسوتینی کی طرف سے قیادت پرنسپل سکریٹری، اور ایسوتینی سلطنت کے بین الاقوامی تعاون اور خارجہ امور کے وزیر جناب سیزوے نیومین نتشنگاس نے کی۔

2۔ ایف او ایس کے دوران دونوں وفود نے ہندوستان اور ایسوتینی کے درمیان دو طرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا، جس میں سیاسی تبادلے، ترقیاتی شراکت داری کے منصوبے، دفاعی تعاون، تجارتی اور اقتصادی معاملات، قونصل ست متعلق مسائل، اور زراعت، تعلیم، صحت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، قابل تجدید توانائی سمیت شعبوں میں تعاون، کلچرو ثقافت وغیرہ پر بات چیت کی۔ دونوں فریق نے موجودہ دوطرفہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا اور انہیں مزید تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا۔ یہ نوٹ کیا گیا کہ ہندوستان نے 2019 میں ایسوتینی میں اپنا ہائی کمیشن کھولا تھا اور یہ کہ ہندوستان دو طرفہ تعلقات میں اس رفتار کو جاری رکھنے کے لیے جلد از جلد ہندوستان میں ایسوتینی کا ہائی کمیشن کھولنے کا منتظر ہے۔

3۔ دونوں فریقوں نے باہمی دلچسپی کے کثیر الجہتی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا جن میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اصلاحات، مشرق اور جنوبی افریقہ میں امن و سلامتی، مشرق اور جنوبی افریقہ کے لیے مشترکہ مارکیٹ (COMESA)، جنوبی افریقی ترقیاتی برادری (SADC) اور جنوبی افریقی کسٹمز یونین (SACU) شامل ہیں۔ یہ بات بھی نوٹ کی گئی کہ ہندوستان کی جی-20 صدارت کے دوران افریقی یونین نے جی20 میں مستقل رکن کے طور پر شمولیت اختیار کر لی ہے۔

4۔ دونوں فریقوں نے شراکت داری کو متحرک اور باہمی طور پر فائدہ مند رکھنے کے لیے اعلیٰ سطحی سیاسی تبادلے اور مشترکہ ادارہ جاتی میکانزم کی باقاعدہ اجلاس منعقد کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

5. یہ بات چیت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ فریقین نے مشاورت کا اگلا دور 2025 میں نئی دہلی میں باہمی طور پر مناسب تاریخوں پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

نئی دہلی
19 فروری، 2024